Abteilung Wassaya
Ph: 069-50 688 691, 069-50 688 792
Email: wassaya@ahmadiyya.de

تاریخ: 01.04.2023

مکرم و محترم لوکل امیر صاحب / صدر صاحب جماعت

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ،

امید ہے کہ آپ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے بخیر وعافیت خدمت دینیہ میں مصروف ہونگے۔

جوبلی جماعت احمدیہ جرمنی 2023 (جب جرمنی میں جماعت کے قیام کے سو سال پورے ہو جائیں گے) کے حوالے سے حضورِ اقدس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے جماعت احمدیہ جرمنی کے 15 سال سے زائد عمر کے افراد کا 50٪ نظامِ وصیت میں شامل کرنے کا جو ٹارگٹ منظور فرمایا ہے، اس ٹارگٹ کے حصول کے لئے اور زیادہ سے زیادہ احبابِ جماعت کو نظامِ وصیت میں شمولیت کی مؤثر ترغیب دلانے کے لئے نیشنل شعبہ وصایا نے مورخہ 29 / 30 اپریل 2023 بروز ہفتہ / اتوار کو جرمنی بھر کی لوکل امارتوں اور جماعتوں میں وصیت سیمینار کے انعقاد کا پروگرام بنایا ہے۔

وصیت سیمینار کے موقع پر خصوصی اجلاسات کروائے جائیں گے، جس میں حضورِ اقدس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے ارشاد کی روشنی میں زیادہ سے زیادہ احبابِ جماعت کو نظامِ وصیت کی اہمیت و برکات کے حوالے سے آگاہی دی جائے گی نیز اس بابرکت نظام میں شمولیت کی مؤثر ترغیب دلائی جائے گی اور نظامِ وصیت میں شمولیت کے خواہشمند احباب کے لئے وصیت فارمز بھی مکمل کروانے کا انتظام کیا جائے گا۔

نیز آپ سے درخواست ہے کہ اس پروگرام میں اپنی جماعت کے 100 فیصد احباب (بالخصوص غیر موصی احباب) کی شمولیت کو یقینی بنائیں، پروگرام کے کامیاب انعقاد کے حضورِ اقدس کی خدمت میں دعائیہ خط تحریر کریں اور خود بھی دعا کے ساتھ مؤثر پلاننگ کریں، تینوں تنظیمی سربراہان سے بھی حاضری کو یقینی بنانے کے لئے تعاون کی درخواست کریں۔ جزاکم اللہ احسن الجزاء

اس وصیت سیمینار کے حوالے سے پروگرام کی تفصیل آپ کی خدمت میں ارسال کی جارہی ہے۔

نوٹ: تمام احبابِ جماعت کی اس خصوصی اجلاس میں شرکت کو یقینی بنانے کے لئے ابھی سے اطلاعات کا آغاز فرمائیں اور اگر مقررہ تاریخوں پر کسی وجہ سے انعقاد کرنا یا حاضری بہتر بنانے میں مشکل درپیش ہو تو ماہِ اپریل کے کسی دوسرے ویک اینڈ پر اس کا انعقاد فرمائیں، اور شعبہ ہذا کو اپنے پروگرام سے ضرور آگاہ فرمائیں۔

پروگرام کے کامیاب انعقاد کے لئے دعا کی درخواست ہے۔ اللہ تعالیٰ اس پروگرام کا انعقاد ہر لحاظ سے بابرکت فرمائے اور ہم سب کو خلافت کی حقیقی اطاعت کرنے اور خلیفہ وقت کا سلطانِ نصیر بننے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین پروگرام کی تفصیل آپ کی خدمت میں بعد میں ارسال کر دی جائے گی۔

والسلام۔ خاکسار

اکرام اللہ چیمہ

نیشنل سیکرٹری وصایا

Sehr geehrter Lokal Amir Sahib/Sadr Sahib Jamaat

Assalam-o-Alaikom wrwb,

Ich hoffe Sie erfreuen sich durch die Segnungen Allahs bester Gesundheit und sind tatkräftig im Dienste des Glaubens vertieft. Möge Allah Ta´ala uns alle befähigen Best möglich dem Glauben zu dienen. Amin

Wie Sie wissen, ist 2023 das Jubiläumsjahr der Ahmadiyya Jamaat Deutschland (100-jähriges Bestehen der Jamaat Ahmadiyya Deutschland). Zu diesem Anlass, hat Huzoor-e-Aqdas Aba für Jamaat Deutschland das Ziel 50% aller Mitglieder ab 15 Jahren in das System des Wassiyats einzuführen genehmigt. Um dieses Ziel zu erreichen, veranstaltet Shoba Wassaya am 29/30 April Deutschland weit in allen Lokal Ammarat und Jamaats Wassiayt Seminare.

In diesen Seminaren wird versucht, in Lichte der Anweisungen von Huzoor-e-Anwar aba, den Mitgliedern die Wichtigkeit und Segnungen des Wassiayts zu erklären. Es wird auch versucht die Mitglieder zu motivieren in das System des Wassiayts einzutreten. Für Mitglieder, die den Wunsch haben Wassiayt zu machen wird es die Möglichkeit geben vor Ort die Formulare auszufüllen.

Sie sind gebeten sicher zu stellen, dass 100% Ihrer Jamaat Mitglieder (besonders nicht Mussain) an diesem Seminar teilnehmen. Bitte schreiben Sie auch einen Brief an Huzoor-e-Anwar abs für Dua und Organisieren Sie das Programm mit Gebeten. Bitten Sie auch alle 3 Unterorganisationen um Hilfe, um die Anwesenheit zu erhöhen. Jazak´Allah

Das Programm ist anbei.

Fangen Sie jetzt schon an die Mitglieder zu informieren, um die Anwesenheit sicher zu stellen. Wenn an den vorgegebenen Terminen aus irgendwelchen Gründen das Seminar nicht stattfinden kann, legen Sie ein anderes Wochenende dafür fest und informieren Sie die Shoba Wassaya darüber.

Möge Allah Ta´ala uns befähigen im wahren Sinne Helfer des Khalifen zu werden.



khaksar

Ikram Ullah Cheema